اردو (لازمی)	نہم گوجرانوالہ بورڈ 2024ء	(انشائیہ طرز)
وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ	پہلا گروپ	کل نمبر: 60

حصہ اول

-2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)

حصہ نظم:

(i)
یہ سرد گرم، خشک وتر، اُجالا اور تاریکی
نظر آتی ہے سب میں شان اسی کی ذاتِ باری کی

(ii)
گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر
بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(iii)
دھوپ کے جُھلسے ہوئے رُخ پر مَشقت کے نشاں
کھیت سے پھیرے ہوئے مُنھ، گھر کی جانب ہے رواں

(iv)
رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے
چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شغال

حصہ غزل:

(v)
کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں
ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(vi)
آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(vii)
جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

حصہ دوم

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: (5) (5)

(الف) مرزا صاحب دلی کے شرفا کے ایک متمول خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ ترا ہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کر مڑ جاتا ہے اسی کی نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سر سید احمد خان کا قدیم مکان بھی تھا۔ سر سید سے بھی مرزا صاحب کی عزیز داری تھی۔ اور منشی ذکاء اللہ سے بھی ان کی قرابت داری تھی۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو مالی کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے وہ اپنے کام میں مگن رہا۔ اسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ اسی میں جان دے دی۔

-4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب لکھیے: (10)

(i) ''عالم کی موت کس کی موت ہوتی ہے'' سے کیا مراد ہے؟
(ii) سیدانی بی کی شخصیت پر دو جملے تحریر کیجیے۔
(iii) حضرت ابوایوب انصاری ؓ کی شخصیت میں کوئی سے دو نمایاں خصوصیات تحریر کیجیے۔
(iv) تحریک خلافت کیوں شروع ہوئی؟
(v) کون سی دو چیزوں پر محلول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟
(vi) ''میر انیس'' کا اصل نام اور تخلص تحریر کیجیے۔
(vii) کھیت سے منہ پھیر کے کسان کہاں جاتا ہے؟
(viii) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے تک نہیں آئی؟

-5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) چغل خور

-6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔

(الف) محنت کی برکتیں (ب) تعلیم نسواں (ج) طالب علم کے فرائض

-7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑا ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکھوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہ شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری کرنوں کا فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:

(i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
(ii) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
(iii) دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟
(iv) ''شاہ خاور'' سے کیا مراد ہے؟
(v) اس پیراگراف کا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔